بسم اللہ الرحمن الرحیم

# رکوع سے سہواً اللہ اکبر کہتے ہوئے اٹھنا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام صاحب نے نماز میں بھول کر سمع اللہ لمن حمدہ کی جگہ اللہ اکبر کہہ دیا اور سجدہ سہو بھی نہیں کیا، اس صورت میں نماز ہو گئی یا نہیں؟

## جواب

قوانینِ شرعیہ کے مطابق سجدہ سہو، بھولے سے نماز کا کوئی واجب چھوٹنے سے واجب ہوتا ہے، سنن ومستحبات کے ترک سے واجب نہیں ہوتا، البتہ ان کے قصداً یا سہواً ترک سے نماز کا اعادہ مستحب ہوتا ہے اور رکوع سے اٹھتے ہوئے امام کے لیے سمع اللہ لمن حمدہ کہنا سنت ہے، واجب نہیں، لہٰذا پوچھی گئی صورت میں نماز ہو گئی، سجدہ سہو واجب نہیں ہوا تھا، البتہ اس نماز کو دوبارہ پڑھنا مستحب ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی فضیل رضا عطاری

تاریخ اجراء: ماہنامہ فیضانِ مدینہ جون 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net